© rasailojaraid.com



ان کے مختلف اعتراضات کا تحقیقی جائزہ لیا ہے اور بہت اچھے انداز میں انسانی اجتماعیت میں اسلام کے کردار کی وضاحت کی ہے۔

یہ مقالہ عربی زبان میں طبع ہوا ہے جس کا مطالعہ پاکستان کے اہل علم کے لیے بہت مفید ہے خاص طور پر دینی مدارس کے کتب خانوں میں اس کتاب کی موجودگی انتہائی ضروری ہے تاکہ ہمارے علماء اور طلباء کو بھی یہ معلوم ہو سکے کہ آج کے دور میں ان کے فکر و علم کی اصل جولان گاہ کونسی ہے۔

## آسان ترجمہ قرآنِ کریم

ناشر : مسلم اکادمی ۱۸/۲۹ محمد نگر، لاہور، ۵

تسوید و ترتیب : حافظ نذر احمد پرنسپل تعلیم القرآن خط و کتابت سکول

نظر ثانی : مولانا عزیز زبیدی مدیر مجلہ اہلِ حدیث / مولانا پروفیسر شیخ مزمل احسن۔

مولانا مفتی محمد حسین نعیمی / مولانا محمد سرفراز نعیمی۔ ازہری

مولانا عبد الروف ملک / مولانا سعید الرحمٰن علوی

سفید کاغذ، طباعت آفسٹ

ہر سطر میں چند سطریں ہیں۔ ہر ایک سطر چار سطروں پر مشتمل ہے۔ اس طرح کہ :

پہلی سطر میں جلی قلم سے قرآن کریم کا متن۔

دوسری سطر میں پہلی سطر کے الفاظ جُدا جُدا خانوں میں۔

تیسری سطر میں اوپر کے الفاظ کا ترجمہ جُدا جُدا خانوں میں۔

چوتھی سطر میں رواں سلیس ترجمہ ——— اس امر کی پابندی اوّل سے آخر تک کی گئی ہے ہر سطر کا ترجمہ اُسی سطر میں ہو۔ ایک لفظ کا ترجمہ بھی اوپر نیچے نہ جائے۔

اردو عبارت کی سلاست پر لفظی ترجمہ کو ترجیح دی گئی ہے کہیں بھی لفظی اور رواں ترجمہ ایک دوسرے سے مختلف نہیں۔

ہماری معلومات کے مطابق اس انداز پر برصغیر میں تین ترجمے شائع ہوئے ہیں لیکن پیشِ نظر ترجمہ ان سے منفرد ہے۔

● ——— ہر لفظ کا جُدا جُدا ترجمہ، اور رواں ترجمہ یکساں ہے جو ایک نہایت مشکل امر ہے

© rasailojaraid.com